www.KitaboSunnat.com

المختصر یہ کہ قرآنِ مجید کے مفسر کے لئے دراصل ان تمام صفات و شرائط کا حامل ہونا ضروری ہے۔ جو کہ ایک عالم اور محدث کے لئے ضروری ہیں۔

محدث کا اعزازی فنڈ

ادارہ محدث کو پاکستان اور بیرونِ ملک سے بے شمار ایسے خطوط ملتے رہتے ہیں جن میں محدث کے لئے شوقِ مطالعہ کے ذکر کے ساتھ مالی تنگدستی اور تبادلہ زر کی الجھنوں کی بنا پر مستقل خریداری کی مشکلات کا اظہار ہوتا ہے۔ ہم بھی محدث کے علمی اور اصلاحی مقاصد کے پیشِ نظر شدید خواہش رکھتے ہیں کہ ہر ایسے طالب تک ہماری محنت اور کوشش کے نتائج کی رسائی ہو، تاہم علمی اور تحقیقی مجلات کی تیاری کے لئے اہلِ علم و قلم اشخاص کی دستیابی کے علاوہ اس کی طباعت و نشر کے لئے جن تنظیمی وسائل اور بھاری بھرکم اخراجات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کا اندازہ وہی حضرات کر سکتے ہیں جنھیں ایسے امور سے واسطہ پڑا ہو۔ پھر کتابوں کے بالمقابل جرائد کی قیمت جو بہت کم رکھی جاتی ہے۔ اس کی تلافی تجارتی اشتہارات اور مخصوص جماعتوں کی کارگزاری کی اشاعت کے ذریعہ سے انہی کے تعاون سے پوری ہوتی ہے۔ جبکہ محدث کیلئے ان میں سے کوئی صورت بھی موجود نہیں، بلکہ "محدث" کا واحد مدارِ مقبولیت خالص علمی ذوق ہے۔

اگرچہ ہمارے کام کا حوصلہ افزا پہلو علمی حلقوں کی دلچسپی ہی ہے تاہم احباب اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ اہلِ علم بلا استثناء مالی بوجھ کی زیادتی کی بجائے اس سلسلہ میں تعاون کے حقدار ہوتے ہیں کہ یہی علم پھر ان کے واسطے سے مزید پھیلتا ہے۔ چنانچہ ہم نے اس کیلئے ایک "اعزازی فنڈ" قائم کر دیا ہے۔ جس میں ایک طرف اہلِ خیر کو حصہ ڈالنے کی ترغیب ہے تو دوسری طرف ہم مستحق قارئین کو بھی خوشخبری دیتے ہیں کہ ان شاء اللہ ہم بہت جلد ان کے نام محدث کی اعزازی ترسیل کر کے ان کے شوقِ فراواں کی تکمیل کر سکیں گے۔

(ادارہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ